# ایک خواب

صحابہ و اہلبیت مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء' و اولیائے کرام کے ایام منانے کے ساتھ وجہ وجود کائنات' سیدالکونین حضور پرنور' شافع یوم النشور' حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی ولادت باسعادت' دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے سب سے بڑی خوشی کا دن ہے۔

اسے اپنی سعی کے مطابق' صحابہ کرام' اولیائے امت' مشائخ عظام کی پیروی میں شایان شان طریقہ سے منایا جائے اور اس محفل میلاد کی تقریب سعید کے شرکاء میں قرعہ اندازی کے ذریعے کسی ایک خوش نصیب کو دربار مصطفوی (علی ماحبھا الصلوۃ والسلام) کی حاضری اور عمرہ و زیارت بیت اللہ شریف کے لئے ٹکٹ پیش کیا جائے۔ (جس سے گزشتہ سالوں میں دو خوش نصیب حضرات مستفید ہو چکے ہیں)

چنانچہ الحمد اللہ امسال بھی عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی "مبارک" بادی کے ساتھ آپ کو "ضیائے حرم" کے اس مرکزی پروگرام میں شمولیت کی دعوت ہے۔

# آرزوئے دل

سبزہ زار سکیم کی مرکزی "جامعہ مسجد تاجدار انبیاء" کی مثالی عمارت تعمیر کرنا' جو خوبصورتی' پائیداری کے ساتھ جدید ترین سہولتوں سے آراستہ ہو۔

نیز اس مسجد کے ساتھ دینی درسگاہ' لائبریری' نعت ہال اور خواتین کی دینی تربیت کا شعبہ ضیائے حرم کے منصوبہ جات میں شامل ہے۔

Marfat.com

# نامئہ اعمال

ضیائے حرم کا قیام بارہ اکتوبر 1991ء کو عمل میں آیا

اس مختصر ترین عرصہ میں آپ کے خدام نے جو خدمات سرانجام دیں۔

1- سبزہ زار میں آٹھ کنال تیرہ مرلہ اراضی پر مشتمل پلاٹ کا برائے قیام مسجد "ضیائے حرم" کے حق میں این او سی حاصل کیا گیا جہاں پر اب نماز پنجگانہ، نماز جمعہ وغیرہ کے لئے عارضی انتظام کیا جا چکا ہے۔

2- سبزہ زار کی دو مرکزی سڑکوں (ملتان روڈ، جمیل ٹاؤن، لیاقت چوک سے گزر کر بند روڈ تک سیدنا صدیق اکبر روڈ اور ملتان روڈ فوارہ چوک سے براستہ بلاک اے، بی لیاقت چوک سے گزر کر کھاڑک تک سیدنا فاروق (اعظم روڈ) کے نام سیدنا صدیق اکبر روڈ، سید فاروق اعظم روڈ متعلقہ محکموں سے منظور کروا کر باقاعدہ پنجاب گزٹ نوٹیفکیشن ہو چکا ہے۔

Marfat.com

